نقو اردو ع ۲۹۲

لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ ربیع الثانی ۱۳۳۸ھ مطابق ۵ جنوری ۱۹۲۰ء	جلد ۳۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منتقل صاحبان حکیم ظہیر الحسن و سید حامد علی	۱ و ۲
۲	تعین الا ... ہیڈ کانسٹبل	۲
۳	رخصت گنگا لال صاحب نائب شہر	۲
۴	تقرری ... ہیڈ کانسٹبل ... صاحب زنسکر	۲
۵	... کانسٹبلان	
۶	نقشہ ... اجلاس	ضمیمہ

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۱۸ دسمبر ۱۹۱۹ء

بملاحظہ کاغذات ظاہر و واضح ہوا کہ حکیم ظہیر الحسن اہلمد کمیٹی ذات خاص مشاہرہ دار ... ماہوار کے خدمات جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر نے دفتر صاحب پرسنل اسسٹنٹ میں منتقل فرما دئے ہیں اور یہ تجویز فرمایا کہ افسر صاحب کارخانہ جات سید حامد علی کام لیکر بیکار و حساب ... میں ہوشیار ہیں ... کا کام کر سکتے ہیں ... مہربانی بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار صیغہ ذات خاص میں انکی خدمات منتقل فرما کر

لہذا حکم ہوا کہ

سید حامد علی گرداور میونسپلٹی کے خدمات کیشی ذات خاص میں بجائے حکیم ظہیر حسن اہلمد مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہوار مستقل طور پر منتقل کئے جائیں۔ اب نامبردہ کو بجائے نو روپیہ ماہوار کے بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ صیغہ ذات خاص سے ملا کرے گی اور حکیم ظہیر حسن سے کام پیشکاری دفتر صاحب پرسنل اسسٹنٹ میں لیا جائے اور نامبردہ کو بارہ روپیہ ماہوار تنخواہ بامنہاج [illegible] آور صیغہ تغیرات متعلقہ [illegible] دی جایا کرے احکام حسب ضابطہ جاری اور ایک نقل روبکار ہٰذا اطلاعاً خدمت جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے مرسل ہو۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

الاونس

۲۴ر دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ بمنظوری بندگان حضور پرنور معلےٰ دام اقبالہم وملکہم محمد فیاض ہیڈ کانسٹیبل پاس یافتہ ٹریننگ اسکول مراد آباد جو جرم شناسی سیکھنے کے کام نشان انگشت الہ آباد بھیجا گیا تھا۔ اور دس روپیہ ماہوار الاونس پاتا تھا بعد واپسی الہ آباد وہ الاونس بند ہو گیا تھا پھر مقرر کر دیا گیا۔

رخصت

۲۶ر دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور معلےٰ دام اقبالہم وملکہم کوتوال صاحب کی رخصت اتفاقیہ دس یوم منظور کی گئی

تقرر

یکم جنوری سنہ ۱۹۲۰ء

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور معلےٰ دام اقبالہم وملکہم تقرر علی جواد ہیڈ کانسٹیبل مشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کا باضافہ پانچ روپیہ ماہوار بعہدہ سب انسپکٹری بجائے حیدر علیخان برخاست شدہ ایک سال کے لئے منظور ہوا۔

اضافہ جات

۴ر جنوری سنہ ۱۹۲۰ء

حیدر علیخان سب انسپکٹر برخاست شدہ مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ علی جواد ہیڈ کانسٹیبل کو دیکر بمنظوری بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سب انسپکٹر بنا دیا گیا۔ اور بقیہ رقم کی حسب ذیل تجویز ہوئی۔

سید ضامن علی سب انسپکٹر پنشنر کا تقرر بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار بعہدہ ہیڈ کانسٹیبلی امتحاناً برائے چھ ماہ منظور ہوا۔

اور محمود شاہ خان ہیڈ کانسٹیبل مشاہرہ دار بیس روپیہ ماہوار اور رضا حسین ہیڈ کانسٹیبل مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار۔ اور عزت حسین ہیڈ کانسٹیبل مشاہرہ دار دس روپیہ ماہوار کے پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوئے

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

ضمیمہ گزٹ ریاست رامپور مطبوعہ ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۲۰ع

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲۸ دسمبر لغایت ۳ جنوری سنہ ۱۹۲۰ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰ ار	۷۸	۷ ار	۵ ار	۰	۷۰ ار	
نخود خالص	۴۰ ار	۴ ار	۴۰ ار	۷۰ ار	۰	۴۰ ار	
نخود کسہ آمیز	۰۵	۰	۷ ار	۵ ار	۰	۵ ار	
کسہ	۶ ار	۰	۵ ار	۰۵ ار	۰	۵ ار	
ماش	۰۴ ار	۳۰ ار	۳ ار	۵ ار	۰	۴ ار	
مونگ	۳۰ ار	۴ ار	۳ ار	۳۰ ار	۰	۳۰ ار	
مکا	۷ ار	۷ ار	۷ ار	۰۷ ار	۰	۷ ار	
جئی	۰	۰	۰	۸ ار	۰	۰۶ ار	
گوجئی	۰۶ ار	۰	۰	۰	۰	۶ ار	
عدس	۵ ار	۰	۰	۰	۰	۵ ار	
ارہر	۵ ار	[illegible]	۶ ار	۰	۰	۰	
برنج	۴۰ ار	۳ ار	۷ ار	۳۰ ار	۰	۴ ار	
روغن زرد	۔ ۱ ار	۔ ۱ ار	۔ ۱ ار	۔ ۱ ار	۰	۰	
روغن سیاہ	۔ ار	۔ ۱ ار	۔ ۱ ار	۔ ار	۰	۔ ۱ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۔ ۱ ار	۔ ار	۰	۰	۱ ار	
نمک سانبھر	۹ ار	۹ ار	۱۰ ار	۰	۰	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۸ ار	۰	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۱۰ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۴ ار	۰	۱۴ ار	
باجرہ	۰	۶ ار	۰۶ ار	۶ ار	۰	۶ ار	

پریس ریاست رامپور